روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
بانی
علی ہادی کوثر
معاون وکلاء
پاکپتن
چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر
روحیل اکبر
جلد نمبر 3 | جمعرات 6 اگست 2026ء، 22 صفر 1448/22 ساون 2083ب | شمارہ نمبر 80

ایرانی وفد کی ملاقات، قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن میں تعاون بڑھانے پر اتفاق' امید ہے مسلسل کوششوں سے دونوں ممالک کی قیادت کی جانب سے مقرر کردہ 10 ارب ڈالر کی دوطرفہ تجارت کا ہدف حاصل کیا جائے گا، شہباز شریف

پاکستان خطے میں امن کیلئے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا — شہباز شریف

نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کے لیے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے، ڈسکوز کی نجکاری میں صارفین کے مفاد کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت' پاکستان اور جاپان کا ترقیاتی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جائیکا کے صدر ڈاکٹر اکیکیو تانا ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایران نے سرحدی تجارت کے فروغ اور 24 گھنٹے بارڈر کھلا رکھنے کے لیے سہولیات بڑھانے، بہتر لاجسٹکس، کسٹمز طریقہ کار میں ہم آہنگی لانے، کان کنی کے شعبے بالخصوص قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے لیے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

پاکستان اور امریکا کا دہشتگردی کیخلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

دونوں ممالک نے سرحدی سکیورٹی مضبوط بنانے اور دہشت گرد سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد/واشنگٹن (این این آئی) واشنگٹن میں پاکستان اور امریکا کے درمیان انسداد دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور ہوا جس میں دونوں ممالک نے دہشت گردی کے خلاف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے آئی ایس پی آر کا خصوصی نغمہ جاری

مظفر آباد (این این آئی) 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر آئی ایس پی آر نے نیا نغمہ "آزادی" جاری کر دیا۔ واجد سعید کی سحر انگیز آواز میں یہ نغمہ کشمیری عوام کے جذبات اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

فلسطین کی آزادی کیلئے عرب و مسلم ملکوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، اسحاق ڈار

مقبوضہ مشرقی یروشلم پر اسرائیل کی خودمختاری نہیں' غزہ میں انسانی صورتحال انتہائی ابتر ہوتی جارہی' عوام کو خوراک اور پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے، نائب وزیر اعظم

اسرائیل کی جانب سے غیر قانونی بستیوں کی توسیع، آبادکاروں کے تشدد اور مقدس مقامات کی تاریخی و قانونی حیثیت کو تبدیل کرنے کی تمام کوششوں کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ غزہ میں انسانی صورتحال انتہائی ابتر ہوتی جارہی ہے، غزہ کے عوام کو خوراک اور پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے، فلسطین کی آزادی کیلئے عرب اور مسلم ملکوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ بدھ کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اپنے خطاب میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں بالخصوص مقبوضہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

مریم نواز سے جائیکا کے صدر کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پنجاب کی ترقی کے لیے جائیکا کا اشتراک قابل تحسین ہے، ٹیکنالوجی کی منتقلی، تربیت اور ادارہ جاتی اصلاحات میں بھی اس کے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، وزیر اعلیٰ

ادارہ پنجاب حکومت کے ساتھ تعلیم، صحت، خواتین کو بااختیار بنانے اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے' جائیکا کے صدر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے صدر ڈاکٹر اکیکیو تانا کی وفد کے ہمراہ ملاقات کی، جس میں پنجاب میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور مستقبل میں باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے لاہور آمد پر جائیکا کے وفد کا خیر مقدم کیا، ملاقات میں عوامی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبوں، ترجیحی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں "یوم استحصالِ کشمیر" منایا گیا

پانچ اگست 2019ء بھارتی حکومت نے کشمیریوں کے حقوق پر ایک اور شب خون مارا

اسلام آباد (این این آئی) مودی کے کشمیریوں کے حقوق پر شب خون مارنے کے 7 سال مکمل ہونے پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں بدھ کو "یوم استحصالِ کشمیر" منایا گیا۔ پانچ اگست پاکستان اور دنیا بھر میں کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر "یوم استحصال کشمیر" منایا جا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

کوئی طاقت کشمیری عوام کی شناخت ختم نہیں کر سکتی، مشعال ملک

بھارتی جیلوں میں حریت قیادت کے ساتھ مظالم تاریخ کا سیاہ باب ہیں، یوم استحصال پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) مشعال ملک نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر کہا ہے کہ 5 اگست کشمیریوں کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، تاہم کوئی طاقت کشمیری عوام کی شناخت اور حق خودارادیت کو ختم نہیں کر سکتی۔ اپنے پیغام میں مشعال ملک نے کہا کہ کشمیر کی تحریکِ آزادی اپنی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

سندھ حکومت کی وفاقی حکومت کے گندم درآمد کرنے کے فیصلے کی مخالفت

پنجاب حکومت بین الصوبائی گندم کی نقل و حرکت محدود کر رہی ہے، وزیر خوراک سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے وفاقی حکومت کے گندم درآمد کرنے کے فیصلے کی مخالفت کر دی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ خوراک سندھ مخدوم محبوب الزمان نے کہا ہے کہ درآمدی گندم سے مقامی کاشت کاروں کو نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پنجاب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)

ایران، عمان آبنائے ہرمز کے عارضی انتظام پر متفق

ایران' عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے ہیں، یہ اسی صورت ممکن، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ' مذاکرات صرف مسقط' تہران کے درمیان ہو رہے ہیں' سرکاری میڈیا

امریکا نے پاسداران انقلاب سے منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم کر دیں' عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی دیکھنے میں آئی' ایران غزہ مذاکرات میں حماس کے ساتھ کھڑا رہے گا، ایرانی صدر مسعود پزشکیان

اسلام آباد: ایران کے وزیر صنعت، کانوں اور تجارت ڈاکٹر سید محمد عتابک کا وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

تہران (این این آئی) ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے راستے کی جغرافیائی حدود پر متفق ہوگئے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے ہیں، تاہم یہ اسی صورت ممکن ہے، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

بانی پی ٹی آئی قید تنہائی میں نہیں' رپورٹ عدالت میں جمع

امتیازی سلوک کرنے اور بنیادی سہولیات سے محروم رکھنے کے الزامات کی سختی سے تردید

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی کی اڈیالہ جیل میں قید کے تین سال مکمل ہونے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں تفصیلی رپورٹ جمع کرا دی۔ رپورٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

لاہور: وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

ترسیلات زر کیلئے ایک نئی سکیم جلد متعارف کرائی جائے گی — گورنر سٹیٹ بینک

اسلامی بینکاری کیلئے سٹیئرنگ کمیٹی قائم کر رکھی ہے، سٹیٹ بینک فریم کو شریعہ کمپلائنٹ بنانے پر کام کر رہا ہے' نیشنل اسلامک فورم سے خطاب

عالمی معیارات سے نظام کو ہم آہنگ کر رہے ہیں دنیا کی دیگر مارکیٹوں کا مشاہدہ کر کے ان کے پراڈکٹس کا جائزہ لے رہے ہیں' جمیل احمد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ ترسیلات زر میں مزید ترغیبات کی فراہمی کے لیے ایک نئی اسکیم عنقریب متعارف کروائی جائے گی، مرکزی بینک نے اسلامی بینکاری کیلئے اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کر رکھی ہے، اسٹیٹ بینک اپنے فریم کو شریعہ کمپلائنٹ بنانے پر بھرپور کام کر رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو سیلانی ویلفیئر کے تحت نیشنل اسلامک فورم سے خطاب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 11)

مودی دور حاضر کا ہٹلر اور مسولینی کا مکسچر ہے، عظمیٰ بخاری

بھارت نے پانچ اگست کو یکطرفہ طور پر مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت ختم کی' پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھے گا

بھارت بھرپور طاقت استعمال کرنے کے باوجود کشمیریوں کے حوصلے پست نہیں کر سکا' وزیر اطلاعات پنجاب کا تحریک آزادی کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی کی تحریک کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے یکطرفہ طور پر سات سال قبل کشمیر کی آئینی حیثیت کو ختم کیا جبکہ پانچ اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت بھی یکطرفہ طور پر ختم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

قصور: قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان ڈسٹرکٹ پبلک سکول قصور میں پولیس شہداء ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں انتظامی تبدیلی' اضلاع میں اے ڈی سیز کی تعداد 5 کر دی گئی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ کی نئی پوسٹ تخلیق، کاشف جلیل اے ڈی سی انفورسمنٹ لاہور تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے انتظامی ڈھانچے میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے صوبے کے اضلاع میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (اے ڈی سیز) کی تعداد 4 سے بڑھا کر 5 کر دی گئی، اس سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ کی نئی پوسٹ تخلیق کر دی گئی ہے۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کاشف جلیل کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ لاہور تعینات کر دیا گیا ہے جبکہ راؤ رافع افضل کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹرز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)

اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی کے لئے 2 نئے انڈر پاس بنیں گے' وزیر داخلہ

محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس' ایمرجنسی 1122 کا باقاعدہ سیٹ اپ نہ ہونے پر برہمی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں ایمرجنسی 1122 کا باقاعدہ سیٹ اپ نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ کیپٹل ایمرجنسی سروسز کو فوری طور پر فعال ادارہ بنانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جائے، قانونی تقاضے مکمل کر کے کیپٹل ایمرجنسی سروسز کے چار نئے سنٹرز پر جلد از جلد کام کا آغاز کیا جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا جس میں اسلام آباد میں جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

عرب امارات نے پاکستانیوں کیلئے ویزا اجرا بحال کر دیا

دبئی (سٹاف رپورٹر) متحدہ عرب امارات نے رجسٹرڈ ٹریول ایجنٹس کے ذریعے درخواست دینے والے پاکستانی شہریوں کو وزٹ ویزے کا اجرا دوبارہ شروع کر دیا ہے۔ ٹریول انڈسٹری کے نمائندوں اور متحدہ عرب امارات کے سفارت خانے کے ایک اہلکار کے مطابق مہینوں کی غیر یقینی صورتحال کو کم کرتے ہوئے متحدہ عرب امارات (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

لاہور: صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین، مشیر وزیر اعلیٰ علی ڈار، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ اور دیگر داتا دربار عرس کی تقریبات کی اختتامی دعا میں شریک ہیں

پنجاب کے مختلف تعلیمی بورڈز میں پوزیشن ہولڈرز کا اعلان، طالبات نمایاں رہیں

لاہور بورڈ میں امینہ محبوب نے 1192 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن اپنے نام کی' ملتان بورڈ کے میٹرک نتائج میں مہرین رسول پہلی پوزیشن لے گئیں

بہاولپور بورڈ میں پہلی پوزیشن عبدالحسیب کے نام' گوجرانوالہ میں عدینہ راشد' صدیقہ الماس نے 1190 نمبر حاصل کر کے مشترکہ پہلی پوزیشن حاصل کی

ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، ساہیوال، فیصل آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے مختلف تعلیمی بورڈز میں میٹرک کے پوزیشن ہولڈرز کا اعلان کر دیا گیا، طالبات نمایاں رہیں۔ لاہور بورڈ میں امینہ محبوب نے 1192 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن اپنے نام کی۔ محمد قاسم نے 1191 نمبر لے کر دوسری جبکہ عروہ جاوید نے 1190 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ملتان بورڈ کے میٹرک نتائج میں مہرین رسول پہلی پوزیشن لے گئیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 15)

سوات خودکش حملے کی تحقیقات جاری، حملہ آور کا تعلق دیر سے نکلا

خودکش حملہ آور پہلے بھی دہشتگردی کے واقعات میں ملوث تھا، تحقیقاتی ٹیم

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا کے سیاحتی شہر سوات کے علاقے کبل میں پولیس اسٹیشن کے قریب ہونے والے خودکش حملے کی تحقیقات مزید تیز کر دی گئی ہیں، خودکش حملہ آور کا تعلق دیر سے نکلا۔ تحقیقاتی ٹیم کے مطابق خودکش حملہ آور پہلے بھی دہشتگردی کے واقعات میں ملوث (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 30)

جہلم ویلی میں ن لیگ، پیپلز پارٹی کارکنوں میں تصادم، 20 افراد گرفتار

مظفر آباد (سٹاف رپورٹر) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی میں مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے درمیان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 31)

لاہور: صدر لاہور بار ایسوسی ایشن عرفان حیات باجوہ جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن کا ارکان پارلیمنٹ کے مالی گوشواروں کی خود چھان بین کا فیصلہ

الیکشن ایکٹ 2017 کی شق 137 میں نئی شق شامل کرنے کی تجویز' اثاثوں' مالی گوشواروں کی براہ راست جانچ پڑتال کا اختیار حاصل ہوگا

اگر کسی رکن کے مالی گوشوارے اس کے معلوم ذرائع آمدن سے مطابقت نہ رکھتے ہوں تو الیکشن کمیشن براہ راست کارروائی کر سکے گا' ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے منتخب ارکانِ پارلیمنٹ کے مالی امور میں شفافیت لانے کے لیے اہم اقدام کرتے ہوئے ان کے مالی گوشواروں کی چھان بین خود کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن نے اس مقصد کے لیے الیکشن ایکٹ 2017 کی شق 137 میں ایک نئی شق شامل کرنے کی تجویز دی ہے، جس کے تحت کمیشن کو ارکانِ پارلیمنٹ کے اثاثوں اور مالی گوشواروں کی براہ را (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

نواز شریف نے آزاد جموں و کشمیر میں حکومت سازی کے لیے پارٹی پالیسی واضع کر دی

مہاجرین کی نشستوں پر کامیاب ہونے والے لیگی ایم ایل ایز کو کابینہ میں نہ لینے کا فیصلہ' ذرائع

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے آزاد جموں و کشمیر میں سادہ اکثریت حاصل کرنے کے بعد حکومت سازی کے حوالے اہم فیصلہ کر لیا ہے۔ مہاجرین کی نشستوں پر کامیاب ہونے والے لیگی ایم ایل ایز کو کابینہ میں نہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے آزاد جموں و کشمیر میں حکومت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 32)

ایف بی آر سیلز، انکم ٹیکس ریٹرنز کی فائلنگ میں درپیش تکنیکی مسائل دور کرے، جمیل اختر بیگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق صدر لاہور ٹیکس بار جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ ایف بی آر سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ریٹرنز کی فائلنگ میں درپیش تکنیکی مسائل فوری طور پر دور کرے کیونکہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)

جدید پولٹری فارمنگ خطرناک بیکٹیریا کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتی ہے، انتباہ جاری

گزشتہ 35 برس میں کمرشل مرغیوں میں کیمپائلو بیکٹر بیکٹیریا کے پھیلاؤ میں تقریباً 100 گنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، تحقیق

لندن (سٹاف رپورٹر) برطانیہ کے سائنس دانوں نے خبردار کیا ہے کہ جدید تجارتی پولٹری فارمنگ ایک ایسے خطرناک بیکٹیریا کے پھیلاؤ میں اضافہ کر رہی ہے جو فوڈ پوائزننگ، سیپسس (خون کے شدید انفیکشن) اور بعض صورتوں میں آنتوں کے کینسر سے بھی منسلک ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی تحقیق کے مطابق گزشتہ 35 برس کے دوران کمرشل مرغیوں میں کیمپائلو بیکٹر بیکٹیریا کے پھیلاؤ میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

جعلی نکاح نامے پر پاکستانی فیملی ویزا حاصل کرنے والا آسٹریلوی پاسپورٹ ہولڈر افغان مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایف آئی اے اسلام آباد زون کے امیگریشن عملے نے نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی نکاح نامے کے ذریعے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

اپوزیشن بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہے، حکومت سنجیدہ نہیں، راجہ ناصر عباس

اپوزیشن بامقصد مذاکرات کے لیے وزیر اعظم اور حکومتی وفد سے ملاقات پر تیار ہے، حکومت اپنے قدم بڑھائے، اپوزیشن لیڈر سینیٹ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ اپوزیشن مذاکرات کے لیے تیار ہے لیکن حکومت سنجیدہ نہیں ہے، اپوزیشن بامقصد مذاکرات کے لیے وزیر اعظم اور حکومتی وفد سے ملاقات پر تیار ہے، حکومت اپنے قدم بڑھائے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ ناصر عباس کا کہنا تھا اپوزیشن نے ہمیشہ مذاکرات اور سیاسی روابط سے مسائل کے حل کی بات کی، محمود خان اچکزئی نے کہا پارلیمنٹ میں کانسٹیٹیوشن روم میں ملاقات کر لیتے ہیں، اچکزئی نے رانا ثنا کو یہاں تک کہا کہ آپ کی رہائشگاہ پر ملاقات بھی ممکن ہے، لیکن حکومت خود سیاسی ملاقات اور مذاکرات کے لیے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 19)

5 اگست 2019 بھارت کے سیاہ اور غیر قانونی اقدامات کی یاد دلاتا ہے' فیصل ایوب کھوکھر

کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کو طاقت کے ذریعے دبایا نہیں جا سکتا: صوبائی وزیر کھیل و توانائی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل و توانائی پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی کی۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس

زیر تعمیر نواز شریف منصوبے پر جاری پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا' ڈین کی تعیناتی بارے حتمی سفارشات پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین بورڈ و سابق چیف سیکرٹری پنجاب کیپٹن (ر) زاہد سعید کی زیر صدارت شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے بورڈ آف گورنرز کا 21 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)

لاہور: سیکرٹری ہائر ایجوکیشن مدثر ریاض اور چیئرمین لاہور تعلیمی بورڈ انجینئر پروفیسر ڈاکٹر بدر الاسلام میٹرک امتحانات کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ و طالبات کا اعلان کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی یوم شہدائے پولیس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام ٹیمیں میچ کھیل رہی ہیں

بہاولپور تھیلیسیمیا یونٹ جلد مکمل کیا جائے گا، خواجہ سلمان رفیق

حکومت پنجاب نے یونٹ کے لئے فنڈز مہیا کر دیئے، تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کے علاج میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

صحت عامہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی ترجیح، ترقیاتی فنڈز شفاف انداز میں صرف منصوبے کی تکمیل پر خرچ کیے جائیں، وزیر صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت بہاولپور میں صحت عامہ سے متعلق اعلیٰ سطحی کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں تھیلیسیمیا یونٹ، برن یونٹ، چلڈرن ہسپتال، کارڈیک اور کڈنی سینٹر کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر بہاولپور تھیلیسیمیا یونٹ جلد مکمل کیا جائے گا۔ تھیلیسیمیا یونٹ کے تمام باقی ماندہ ترقیاتی کام فوری طور پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کے علاج میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نے تھیلیسیمیا یونٹ کے لئے فنڈز مہیا کر دیے ہیں۔ ترقیاتی فنڈز شفاف انداز میں صرف منصوبے کی تکمیل پر خرچ کئے جائیں۔ برن یونٹ، چلڈرن ہسپتال، کارڈیک سینٹر اور کڈنی سینٹر کے مسائل اور ضروریات کا بھی جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی جدید طبی آلات کی فراہمی اور معیاری علاج کے لیے موثر اقدامات کی بھی ہدایت کی۔ صحت عامہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔

حضرت علی بن عثمان ہجویریؒ کی خدمات رہتی دنیا تک مشعلِ راہ رہیں گی، ڈاکٹر احسان بھٹہ

سالانہ عرس عظیم اسلامی، روحانی اور اخلاقی تعلیمات کی تجدید کا عملی مظہر ثابت ہوا، سیکرٹری اوقاف

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ برصغیر میں اشاعتِ اسلام، عشقِ رسولؐ، تصوف، محبت، امن، رواداری، اخوت، خدمتِ خلق اور انسانیت کی فلاح کے فروغ میں حضرت داتا گنج بخش حضرت علی بن عثمان ہجویریؒ کی خدمات رہتی دنیا تک مشعلِ راہ رہیں گی۔ حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخشؒ کے 983ویں سالانہ عرسِ مبارک کے آخری روز داتا دربار کے دورے کے موقع پر افسران اور عوام سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

وزیر داخلہ سندھ جہلم کے موقع پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

پی اے سی ون کا واجب الادا رقوم کی وصولی میں تاخیر پر تشویش کا اظہار

جلد وصولی یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری، چیئرمین افتخار حسین چھچھر کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون نے واجب الادا رقوم کی وصولی میں تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جلد وصولی یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری کر دیں۔ پی اے سی ون کا اجلاس چیئرمین چوہدری افتخار حسین چھچھر کی زیرِ صدارت منعقد۔ کمیٹی نے محکمہ ہائر ایجوکیشن، منسلک محکموں اور خودمختار اداروں کے 2022-23 کے آڈٹ پیراز کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، ڈی پی او سرگودھا

شہر کی نقل و حرکت پر 24 گھنٹے کڑی نظر رکھی جائے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی پر فوری ردعمل یقینی بنایا جائے، پولیس اہلکاروں کو ہدایت

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) ڈی پی او توقیر محمد نعیم نے سیف سٹی اور پولیس کنٹرول روم کا سرپرائز وزٹ کر کے شہر بھر میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی ورکنگ اور مانیٹرنگ کے عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور ایمرجنسی کالز پر پولیس کے ریسپانس ٹائم کو چیک کیا۔ اور جی پی ایس ٹریکرز کے ذریعے گشت پر مامور پولیس گاڑیوں کی متحرک پوزیشنز کو چیک کیا اس موقع پر ڈی پی او توقیر محمد نعیم نے ہدایت کی کہ شہر کی نقل و حرکت پر 24 گھنٹے کڑی نظر رکھی جائے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

اسلام آباد: نیشنل پریس کلب اور فاطمہ الظہیر میڈیکل سینٹر کے درمیان معاہدے کے بعد ایم او یو دکھایا جا رہا ہے

افغان بچے کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر علاج کیلئے پاکستان میں داخلے کی خصوصی اجازت

کابل (سٹاف رپورٹر) پاک افغان طورخم بارڈر پر انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 10 روزہ افغان نومولود کو علاج کے لیے پاکستان میں داخلے کی خصوصی اجازت دے دی گئی، نومولود بچہ ایف سی ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ سرکاری حکام کے مطابق افغانستان کے شہر جلال آباد سے تعلق رکھنے والا بیمار نومولود بچے کو والدین کے ہمراہ طورخم بارڈر کے راستے پاکستان میں علاج کیلئے داخلے کی اجازت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

جون کے مقابلے میں ماہ جولائی کے دوران ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں 22 فیصد ریکارڈ اضافہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی ہدایات پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کے عمل میں نمایاں تیزی آئی ہے۔ ترجمان ٹریفک پنجاب کے مطابق ماہ جون کے مقابلے میں ماہ جولائی کے دوران ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں 22 فیصد ریکارڈ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ ماہ 6 لاکھ 76 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے، جن میں 2 لاکھ 41 ہزار سے زائد فریش لرننگ لائسنس، 2 لاکھ 5 ہزار سے زائد ریگولر ڈرائیونگ لائسنس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

ہجرت کے قافلے، قربانیوں کی داستانیں اور شہدا کا لہو پاکستان کی اصل بنیاد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ماہ اگست شروع ہوتے ہی آزادی کی خوشیاں لاکھوں عظیم قربانیوں کی یادوں کے ساتھ دلوں میں اتر آتی ہیں۔ قیام پاکستان کے عینی شاہد بزرگ شہری نے بتایا کہ قیام پاکستان کا اعلان ہوتے ہی مسلمان اپنے نئے وطن آنے کیلئے بہت پرجوش تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے مسلمانوں نے اپنے الگ وطن کیلئے اپنا سب کچھ قربان کیا شہدا اور مہاجرین کی عظیم قربانیوں ہی نے پاکستان کی بنیاد رکھی انہیں کبھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ بزرگ شہری نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

عرس حضرت داتا علی ہجویری کے کامیاب انعقاد پر محکمہ اوقاف کو مبارکباد

زائرین کے لیے جس انداز میں بہترین انتظامات کیے وہ قابلِ تعریف ہیں

لاہور (چوہدری جاوید اکبر سے) مختلف مذہبی سیاسی سماجی شخصیات سابق وفاقی وزیر مذہبی امور صاحبزادہ سید حامد سعید کاظمی، چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر ثروت اعجاز قادری، انجمن طلبہ اسلام کے مرکزی صدر فیصل قیوم ماگرے۔ مصطفائی تحریک پاکستان کے مرکزی امیر غلام مرتضیٰ سعیدی، سنی اتحاد کونسل کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ارشد جاوید مصطفائی۔ المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے ڈائریکٹر فنانس محمد اویس مصطفائی، تنظیمات اہلسنت پاکستان کے مرکزی ترجمان محمد اکرم رضوی اور دیگر نے 983ویں سالانہ عرسِ مبارک حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے موقع پر کیے گئے شاندار، منظم اور مثالی انتظامات پر سیکرٹری اوقاف پنجاب و ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر احسان بھٹہ، ڈائریکٹر جنرل اوقاف و مذہبی امور پنجاب حافظ انیس الرحمن اور ایڈمنسٹریٹر داتا دربار محمد علی خان کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مبارکباد دی اور کہا کہ محکمہ اوقاف پنجاب نے عرسِ مبارک کے دوران لاکھوں زائرین کے لیے جس انداز میں بہترین انتظامات کیے وہ قابلِ تعریف ہیں، سہولتوں کی بروقت فراہمی نے زائرین کو خوشگوار اور پُرامن ماحول فراہم کیا جس پر محکمہ اوقاف کی پوری ٹیم داد کی مستحق ہے۔ انہوں نے کہا ڈاکٹر احسان بھٹہ کی مؤثر قیادت، حافظ انیس الرحمن کی انتظامی صلاحیتوں اور ایڈمنسٹریٹر داتا دربار محمد علی خان کی مسلسل نگرانی اور محنت کے باعث عرسِ مبارک کے تمام انتظامات انتہائی خوش اسلوبی سے مکمل ہوئے، جس پر دینی، سماجی اور عوامی حلقوں نے بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس محبت، رواداری، اخوت اور انسانیت کا درس دیتا ہے، اور محکمہ اوقاف پنجاب نے اس روحانی اجتماع کے شایانِ شان انتظامات کر کے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی زائرین کی خدمت اور دربار عالیہ کے انتظامی امور اسی جذبے، خلوص اور پیشہ ورانہ انداز سے انجام دیے جاتے رہیں گے۔

ایل ڈبلیو ایم سی کا رکشہ ڈرائیور حادثے میں جاں بحق

لاہور (سٹاف رپورٹر) شادمان کے علاقے میں ایل ڈبلیو ایم سی کا رکشہ ڈرائیور حادثے میں جاں بحق ہو گیا۔ ایدھی ذرائع کے مطابق واقعہ شادمان گندا نالہ کے قریب پیش آیا، رکشہ ڈرائیور بکٹ لگنے سے جاں بحق ہوا۔ متوفی کی شناخت 45 سالہ محمد علی کے نام سے ہوئی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاش مردہ خانے منتقل کر دی گئی۔

مضبوط معیشت اور مضبوط قانونی نظام ہی ترقی یافتہ معاشروں کی بنیاد ہوتے ہیں، رانا اقبال

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں سینئر قانون دانوں اور تاجر برادری کے اعزاز میں منعقدہ ایوارڈز تقسیم کرنے کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پیٹرن انچیف پیاف میاں انجم نثار، چیئرمین رحمان فاؤنڈیشن ڈاکٹر وقار نیاز، پروگرام انچارج شاکر محمود چوہان، دانیال راٹھور سمیت وکلا، صنعتکاروں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ صوبائی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

کراچی سے حویلیاں جانے والی ہزارہ ایکسپریس کو لودھراں میں حادثہ، انجن اور 2 بوگیاں اوورشوٹ ہو کر ڈی ٹریک ہو گئیں

لودھراں (سٹاف رپورٹر) کراچی سے حویلیاں جانے والی ہزارہ ایکسپریس کو لودھراں میں حادثہ پیش آیا ہے، انجن اور 2 بوگیاں اوورشوٹ ہو کر ڈی ٹریک ہو گئیں۔ لودھراں ریلوے اسٹیشن حکام کے مطابق رات ڈیڑھ بجے گیلے والے کے قریب ہزارہ ایکسپریس اوورشوٹ ہو کر ڈی ٹریک ہو گئی اور اس کا انجن اور 2 بوگیاں ڈی ٹریک ہو کر ریلوے لائن سے اتر گئیں۔ ریلوے حکام نے بتایا ہے کہ حادثے میں تمام مسافر محفوظ رہے ہیں۔ ریلوے حکام کے مطابق صبح 4 بجے ہزارہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)

ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ٹو چوہدری محمد اشرف نے چارج سنبھال لیا

متعلقہ اداروں کی افسران و اہلکاران والہانہ اور فقید المثال استقبال کیا

پاکپتن (این ایل آئی) ضلع پاکپتن میں نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ٹو چوہدری محمد اشرف نے چارج سنبھال کر فرائض منصبی ادا کرنا شروع کر دیے ہیں۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس پہنچنے پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ون شہزاد نثاد۔ اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر جمیل کمبوہ۔ جاوید الرحمن۔ اڈیٹرز آفتاب گھمن۔ ملک عاصم فرید۔ محمد عثمان۔ ارشد ڈوگر۔ ارشد قیصر۔ خواجہ ارشد۔ ابرار۔ جاوید اقبال مصطفیٰ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کی افسران و اہلکاران والہانہ اور فقید المثال استقبال کیا اور مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، ڈاکٹر حمیرا

بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازع آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کر دیا

لاہور (این ایل آئی) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازع آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے کشمیری عوام کے بنیادی، سیاسی اور انسانی حقوق پر ایک اور کاری ضرب لگائی۔ گزشتہ سات برسوں سے کشمیری عوام مسلسل ظلم، محاصرے، انسانی حقوق کی پامالی، سیاسی جبر اور آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوششوں کا سامنا کر رہے ہیں، مگر ان کے جذبۂ حریت کو دبایا نہیں جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کسی سرحد یا خطے کا نہیں بلکہ انسانی وقار، انصاف اور حق خودارادیت کا مسئلہ ہے۔ دنیا کی مہذب اقوام، اقوام متحدہ اور عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق دلانے کے لیے عملی کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ پاکستانی قوم، خصوصاً خواتین، اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہیں۔ کشمیری ماؤں، بہنوں اور بچوں نے جس صبر، استقامت اور قربانی کا مظاہرہ کیا ہے وہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے عزم و حوصلے کی مثال ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومتِ پاکستان مسئلہ کشمیر کو ہر بین الاقوامی فورم پر مؤثر انداز میں اجاگر کرے، سفارتی کوششوں کو مزید تیز کرے اور دنیا کو یہ باور کرائے کہ کشمیر کا پائیدار اور منصفانہ حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی آزادانہ رائے کے مطابق ہی ممکن ہے۔ آخر میں ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ ظلم کی ہر رات کا ایک سویرا ہوتا ہے۔ انہیں یقین ہے کہ کشمیری عوام کی عظیم قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی اور وہ دن دور نہیں جب کشمیر آزادی، امن اور انصاف کی نئی صبح کا استقبال کرے گا

لاہور: ننھے بچے گاڑی کے پچھلے حصے میں بیٹھے ہوئے ہیں ناخوشگوار حادثے کا باعث بن سکتے ہیں

پاکستان سمیت 4 ممالک کے عمرہ زائرین کیلئے لازمی فوڈ واؤچر متعارف

نئے فیصلے کے پیش نظر پاکستان سمیت مختلف ممالک کے ٹریول ایجنٹس اپنے پیکجز اور نرخوں پر نظرثانی کر رہے ہیں، رپورٹ

ریاض (سٹاف رپورٹر) سعودی عرب نے پاکستان سمیت 4 ممالک کے عمرہ زائرین کیلئے لازمی فوڈ واؤچر متعارف کرا دیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب نے یومیہ تقریباً 20 سعودی ریال مالیت کے لازمی نسک فوڈ واؤچر متعارف کرائے ہیں، یہ رقم براہ راست مجموعی عمرہ ویزا فیس میں شامل کی جائے گی۔ پاکستان سمیت مختلف ممالک کے ٹریول ایجنٹس اپنے پیکجز اور نرخوں پر نظرثانی کر رہے ہیں۔

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ایک ہفتہ میں 88 ہزار سے زائد انسپکشنز، 55 لاکھ 66 ہزار جرمانے کئے

منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا، 433 افراد کو گرفتار کیا گیا، سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر خورشید نے بتایا کہ صوبہ بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے گزشتہ ایک ہفتے میں 88 ہزار سے زائد انسپکشنز مکمل کی ہیں جس کے نتیجے میں 55 لاکھ 66 ہزار روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ گراں فروشی کے خلاف زیرو ٹالرنس ہے اور ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ پر کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ ڈاکٹر کرن خورشید نے مزید بتایا کہ منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

اسلام آباد: وزیر اعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی ڈیجیٹل ایجوکیشن کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایم ڈی کیٹ کے ایڈمٹ کارڈ 6 اگست سے جاری ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایم ڈی کیٹ ایڈمٹ کارڈ 6 اگست سے جاری ہوں گے، طلبہ یو ایچ ایس کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ ایم ڈی کیٹ میں ایڈمٹنس کارڈ اور اصل شناختی دستاویزات کے بغیر حصہ لینے کی اجازت نہیں۔ امیدواروں کیلئے شناختی کارڈ، جوینائل کارڈ یا اصل پاسپورٹ میں سے کوئی ایک ہمراہ لازم ہوگا۔

شیخوپورہ میں مکان کی چھت گرنے سے لڑکا جاں بحق، 2 افراد زخمی

صفدر آباد (سٹاف رپورٹر) شیخوپورہ میں مکان کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر ایک لڑکا جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے۔ واقعہ ٹھوٹھیاں والا شاکوٹ روڈ صفدر آباد شیخوپورہ پر پیش آیا۔ ریسکیو ٹیم نے ایک شخص کو موقع پر فرسٹ ایڈ مہیا کی جبکہ دوسرے زخمی شخص کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ٹی ایچ کیو صفدر آباد منتقل کر دیا گیا۔ ترجمان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

داتا دربار عرس، چہلم امام حسین کے باعث میٹرو بس سروس مکمل طور پر بند رکھی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) حضرت داتا گنج بخش کے عرس اور چہلم حضرت امام حسین کے موقع پر سکیورٹی اور انتظامی اقدامات کے پیش نظر میٹرو بس سروس مکمل طور پر معطل رکھی گئی۔ میٹرو بس سروس کا سارا روٹ اور تمام اسٹیشنز عارضی طور پر بند رکھے گئے جس کی وجہ سے عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اورنج لائن ٹرین سروس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

چیری نے عالمی سطح پر 2 کروڑ گاڑیوں کی فروخت کا سنگ میل عبور کر لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں چیری گاڑیوں کی مقامی شراکت دار ماسٹر آٹو انجینئرنگ نے چیری گروپ کی ایک اور اہم عالمی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ چیری نے دنیا بھر میں مجموعی طور پر 2 کروڑ گاڑیوں کی فروخت کا سنگ میل عبور کر لیا ہے۔ اس کے علاوہ چیری ایک ہی ماہ میں 2 لاکھ سے زائد گاڑیاں برآمد کرنے والی پہلی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

این ایچ اے کا ریونیو ارب 127 ہو چکا، متعدد موٹرویز پر کام جلد شروع ہوگا، علیم خان

کرتار پور، ننکانہ کو جوڑنے کیلئے گرو نانک ایکسپریس وے پر کام جاری، سکھ کمیونٹی کے لیے مذہبی سیاحت کو فروغ ملے گا

موٹروے پولیس کے 59 شہدا سمیت تمام شہدائے پولیس کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا ریونیو 64 ارب روپے سے بڑھ کر 127 ارب روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ چکا ہے جس کی بدولت پاکستان اب بغیر کسی بیرونی امداد کے اپنے وسائل سے موٹرویز اور شاہراہوں کا نیٹ ورک پھیلا رہا ہے، کرتار پور اور ننکانہ صاحب کو جوڑنے کے لیے تاریخی گرو نانک ایکسپریس وے اسلام آباد تا لاہور سفر میں 100 کلومیٹر کی بچت کے لیے سیالکوٹ-کھاریاں-راولپنڈی شاہراہ اور M-6 پر جلد کام شروع ہو جائے گا۔ وہ منگل کو نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس آڈیٹوریم، اسلام آباد میں یوم شہدائے پولیس کی تقریب سے بطور مہمانِ خاص خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 4 اگست ہماری قومی تاریخ کا ایک اہم دن ہے اور سی پی او پشاور صفوت غیور کی عظمت و شہادت تمام سکیورٹی فورسز کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس کے 59 شہدا سمیت تمام شہدائے پولیس کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال کو سینئر قانون دان اور تاجر برادری میں ایوارڈ تقسیم کی تقریب میں شیلڈ دی جا رہی ہے

مضبوط معیشت، قانونی نظام ترقی یافتہ معاشروں کی بنیاد ہوتے ہیں، رانا اقبال

کاروباری برادری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، وکلاء انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، وزیر قانون پنجاب

انصاف کی فوری فراہمی، قانونی اصلاحات، وکلا برادری کی فلاح پنجاب حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں، تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا اقبال خان نے لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں سینئر قانون دانوں اور تاجر برادری کے اعزاز میں منعقدہ ایوارڈز تقسیم کرنے کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں پیٹرن انچیف پیاف میاں انجم نثار، چیئرمین رحمان فاؤنڈیشن ڈاکٹر وقار نیاز، پروگرام انچارج شاکر محمود چوہان، دانیال راٹھور سمیت وکلا، صنعتکاروں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر قانون نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والے سینئر قانون دانوں اور تاجر برادری سے تعلق رکھنے والی شخصیات میں ایوارڈز تقسیم کیے اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے تقریب کے کامیاب انعقاد پر پروگرام انچارج شاکر محمود چوہان اور دانیال راٹھور کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایسی تقریبات معاشرے میں مثبت خدمات انجام دینے والوں کی حوصلہ افزائی کا موثر ذریعہ ہیں۔

لاہور: چیئرمین بورڈ کیپٹن (ر) زاہد سعید نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے بورڈ آف گورنر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت نے سولر بجلی سے متعلق نئی پالیسی پر غور شروع کر دیا

بیٹری بیک اپ رکھنے والے صارفین رات کے وقت قومی گرڈ کو بجلی فراہم کر کے 22 روپے تک معاوضہ حاصل کر سکیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت نے قابل تجدید توانائی کے موثر استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک نئی پالیسی پر غور شروع کر دیا ہے جس کے تحت بیٹری بیک اپ رکھنے والے سولر سسٹم کے صارفین رات کے وقت قومی گرڈ کو بجلی فراہم کر کے فی یونٹ 18 سے 22 روپے تک معاوضہ حاصل کر سکیں گے۔ پاور ڈویژن کی جانب سے تیار کی گئی اس تجویز کا مقصد ایسے لاکھوں صارفین کو قومی بجلی کے نظام کا فعال حصہ بنانا ہے جو دن کے وقت سولر پینلز سے بجلی پیدا کر کے اپنی بیٹریوں میں ذخیرہ کرتے ہیں۔ نئی پالیسی کے تحت صارفین شام کے اوقات خصوصاً شام 5 بجے سے رات 10 بجے کے درمیان جب ملک میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق سیلابی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ کا معاملہ نسبتاً مختلف ہے، سندھ میں انتظامی یونٹس بنائے جائیں، مفتاح اسماعیل

جس علاقے کے عوام کی خواہش ہو وہاں نئے صوبے بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر خزانہ اور عوام پاکستان پارٹی کے سیکرٹری جنرل مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ وہ صوبہ سندھ کی تقسیم کی بات نہیں کرتے لیکن جس علاقے کے عوام کی خواہش ہو وہاں نئے صوبے بنانے میں کوئی حرج نہیں، پاکستان کا موجودہ نظام درست طریقے سے نہیں چل رہا، اس پر شاید ہی کسی کو اختلاف ہو، لیکن اصل سوال یہ ہے کہ موجودہ نظام کا بہتر متبادل کیا ہونا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب اور ہزارہ کے لوگ اگر الگ صوبہ چاہتے ہیں تو ان کی رائے کا احترام ہونا چاہیے، اگر کسی علاقے کے لوگ محسوس کرتے ہیں کہ ان کے مسائل موجودہ انتظامی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

صحافی اور وکلا دونوں عوام کی آواز ہیں، ڈپٹی کمشنر لودھراں

ڈپٹی کمشنر لودھراں محمد اشرف کا بار ایسوسی ایشن دنیاپور کا دورہ

دنیاپور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر لودھراں محمد اشرف کا بار ایسوسی ایشن دنیاپور کا دورہ، نوجوان وکلا کی فلاح و بہبود اور وکلا کالونی کے قیام پر زور دیا تفصیل کے مطابق ڈپٹی کمشنر لودھراں محمد اشرف نے صدر بار ایسوسی ایشن دنیاپور ملک اختر اعوان چوہدری محمد آصف اشرف سندھو جنرل سیکرٹری بار کی دعوت پر بار ایسوسی ایشن دنیاپور کا دورہ کیا، جہاں وکلا کی بڑی تعداد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا تقریب میں پنجاب بار کونسل کے رکن رانا لیاقت علی، سردار شفقت رسول ڈوگر، ارشد گجر، سمیت سینئر اور نوجوان وکلا نے شرکت کی۔ اس موقع پر پنجاب بار کونسل کے رکن رانا لیاقت علی نے اپنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر65)

10 لاکھ ٹن گندم درآمد کا فیصلہ، گندم درآمد پر ٹیکسوں اور ڈیوٹیز سے چھوٹ مانگ لی گئی

صوبائی انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس سے بھی استثنیٰ دینے، پاسکو کے ذخائر صوبوں کو دینے کی تجویز

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے 10 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے جس کے پیش نظر امپورٹ پر عائد ٹیکس اور ڈیوٹیاں بھی معاف کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہے جبکہ وزارت غذائی تحفظ نے چھوٹ مانگ لی ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبائی انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس سے بھی استثنیٰ دینے اور پاسکو کے ذخائر میں موجود تمام 10 لاکھ ٹن گندم بھی صوبوں کو دینے کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر66)

لاہور: انجن شیڈ کے علاقے میں گندگی کا ڈھیر

پی ٹی اے کا بڑا کریک ڈاؤن، 7 ماہ میں 18 لاکھ سے زائد سمز بلاک

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے غیر قانونی سمز کے استعمال اور غیر ملکی سمز کی فروخت کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے رواں سال کے پہلے 7 ماہ میں 18 لاکھ 38 ہزار 689 سمز بلاک کر دیں۔ پی ٹی اے کے مطابق جنوری سے اب تک 6 لاکھ 91 ہزار 102 غیر قانونی سمز بند کی گئیں جبکہ فوت شدگان کے شناختی کارڈز پر رجسٹرڈ 9 لاکھ 3 ہزار 230 سمز بھی بلاک کر دی گئیں۔ ادارے کے مطابق بارہا وارننگ کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر67)

2026 دوسری سہ ماہی، نیب کی 2 ہزار 450 ارب کی ریکارڈ ریکوری

اسلام آباد/لاہور (سٹاف رپورٹر) قومی احتساب بیورو کی 2026 کی دوسری سہ ماہی کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی جس کے مطابق رواں سال کی دوسری سہ ماہی میں 2 ہزار 450 ارب روپے کی ریکارڈ ریکوری کی گئی۔ نیب کے مطابق مارچ سے اب تک کل ریکوری کا حجم 16 ہزار 940 ارب روپے تک پہنچ گیا، دوسری سہ ماہی کے دوران 10 لاکھ 78 ہزار 283 ایکڑ سرکاری زمین واگزار کروائی گئی۔ ہاؤسنگ اور مالیاتی فراڈ کے 24 ہزار 365 سے زائد متاثرین کو 30.42 ارب روپے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر68)

کشمیری عوام پر بھارتی متنازعہ آئینی و قانونی حیثیت تبدیلی کو مسترد کرتے ہیں، صادق شیخ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن اور چوہدری شجاعت حسین لورز کے بانی و مرکزی صدر محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کے عوام گزشتہ آٹھ دہائیوں سے اپنے بنیادی اور بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حق خودارادیت کے حصول کے لیے بھارتی فوجی تسلط کے خلاف ثابت قدمی سے جدوجہد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے ریاست جموں و کشمیر کی متنازع آئینی و قانونی حیثیت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 69)

حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی ہر آنے والی نسل کی رہنمائی تحریر۔ مہر راجپوت

آج جب ہم حضرت امام حسینؓ کی عظیم قربانی کو یاد کرتے ہیں تو ہمیں صرف آنسو بہانے پر اکتفا نہیں کرنا چاہیے بلکہ یہ عہد بھی کرنا چاہیے کہ ہم اپنی زندگی میں سچائی، انصاف، دیانت داری اور انسانیت کو اپنائیں گے۔ یہی کربلا کا اصل پیغام ہے۔ ایک ایسا پیغام جو ہر دور میں زندہ رہے گا اور ہر آنے والی نسل کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ حضرت امام حسینؓ نے اپنی جان، اپنے اہلِ خانہ اور اپنے ساتھیوں کی قربانی دے کر اسلام کی حقیقی روح کو زندہ رکھا۔ اگر وہ باطل کے سامنے جھک جاتے تو شاید تاریخ کا رخ کچھ اور ہوتا، لیکن انہوں نے ثابت کیا کہ ایمان اور اصولوں پر قائم رہنے والا کبھی شکست نہیں کھاتا۔ اسی طرح حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی تعلیمات بھی محبت، اخوت، رواداری، خدمتِ خلق اور امن کا درس دیتی ہیں۔ ہر سال ان کے عرس میں شریک ہونے والے لاکھوں زائرین اسی پیغام کو تازہ کرتے ہیں کہ اسلام محبت، برداشت اور انسانیت کا دین ہے۔ حکومت پنجاب، قانون نافذ کرنے والے اداروں، ریسکیو ٹیموں، محکمہ صحت، ٹریفک پولیس اور دیگر اداروں کی ذمہ داری ہے کہ ایسے مذہبی اجتماعات میں عوام کو محفوظ ماحول فراہم کریں۔ سکیورٹی کے مؤثر انتظامات نہ صرف عوام کے اعتماد میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ لیکن صرف حکومت کی ذمہ داری کافی نہیں۔ ہر شہری کا بھی فرض ہے کہ وہ قانون کا احترام کرے، افواہوں سے دور رہے، صبر و تحمل کا مظاہرہ کرے اور امن و امان برقرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کرے۔ جب حکومت اور عوام ایک ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تو بڑے سے بڑا چیلنج بھی آسان ہو جاتا ہے۔ آج ہمیں اپنے دلوں میں یہ سوال بھی پیدا کرنا چاہیے کہ کیا ہم واقعی حضرت امام حسینؓ کے پیغام پر عمل کر رہے ہیں؟ کیا ہم سچ بولتے ہیں؟ کیا ہم دوسروں کے حقوق کا خیال رکھتے ہیں؟ کیا ہم ظلم کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں؟ اگر ان سوالوں کا جواب "ہاں" ہے تو یہی حضرت امام حسینؓ کی قربانی کا حقیقی احترام ہے۔ پاکستان ہمارا مشترکہ وطن ہے۔ اس کی ترقی، خوشحالی اور امن ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مذہبی اجتماعات میں اتحاد، نظم و ضبط اور بھائی چارے کا مظاہرہ پوری دنیا کے سامنے اسلام کا خوبصورت چہرہ پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حضرت امام حسینؓ کے صدقے ہمارے ملک میں امن، محبت، بھائی چارہ اور استحکام عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ تمام زائرین کی حفاظت فرمائے، ہمارے سکیورٹی اداروں کو اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرنے کی توفیق دے، اور ہمیں بھی ایسا کردار عطا فرمائے جو معاشرے کے لیے باعث کربلا ہمیں حق پر ڈٹے رہنے کا حوصلہ دیتی ہے اور داتا دربار ہمیں محبت اور خدمتِ خلق کا راستہ دکھاتا ہے۔ اگر ہم ان دونوں عظیم پیغامات کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں تو یقیناً ہمارا معاشرہ امن، انصاف، برداشت اور اخوت کا گہوارہ بن سکتا ہے۔ یہی ہماری کامیابی ہے، یہی ہماری ذمہ داری ہے اور یہی وہ پیغام ہے جسے ہر پاکستانی تک پہنچانے کی

5 اگست 2019 دنیا کی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا، راجہ سکندر خان

کشمیر پر بھارت کے یکطرفہ اقدامات کبھی تسلیم نہیں کریں گے، گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 دنیا کی تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا، کشمیر پر بھارت کے یکطرفہ اقدامات کبھی تسلیم نہیں کریں گے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد ہی مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل ہے۔ بھارت نے اپنے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کو ختم کر کے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر ختم کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان آئینی دفعات کے تحت غیر کشمیری افراد کو وہاں مستقل رہائش اختیار کرنے یا جائیداد خریدنے کی اجازت نہیں تھی، تاہم بھارت نے انہیں ختم کر کے آبادی کا تناسب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

عمران خان کی قید کو تین سال مکمل

حوصلے اور نظریات کو سلاخوں کے پیچھے قید نہیں کیا جاسکتا: ریحانہ امتیاز ڈار

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ مسلم امہ کا رہنما اور سابق وزیر اعظم قائد عمران خان کو پابند سلاسل کئے تین سال ہو گئے ہیں مگر حوصلوں، نظریات اور امید کو سلاخوں کے پیچھے قید نہیں کیا جا سکتا۔ امید کا چراغ بھی نہیں بجھتا، کیونکہ حق کی آواز کو زنجیروں سے خاموش نہیں کرایا جا سکتا۔ وقت گزرتا رہتا ہے، مگر وہ لوگ تاریخ کے اوراق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

میٹرک، انٹرمیڈیٹ کے لیے ڈیجیٹل رزلٹ کارڈ سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ

2026 کے سالانہ امتحانات کے نتائج سے ڈیجیٹل رزلٹ کارڈ کا اجراء شروع ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور بورڈ نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے لیے ڈیجیٹل رزلٹ کارڈ سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ کر لیا، 2026 کے سالانہ امتحانات کے نتائج سے ڈیجیٹل رزلٹ کارڈ کا اجراء شروع ہوگا، ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کو پی ڈی ایف فارمیٹ میں ڈیجیٹل رزلٹ کارڈ جاری کیے جائیں گے، ریگولر طلبہ اپنے اداروں کے آن لائن پورٹل سے ڈیجیٹل رزلٹ کارڈ حاصل کر سکیں گے، پرائیویٹ امیدوار لاہور بورڈ کے آن لائن پورٹل سے رزلٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کر سکیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

لاہور: سی ای او سمیڈا سندھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ فنڈ کے ساتھ تبادلہ خیال کر رہی ہیں

سمیڈا اور سندھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ فنڈ کے درمیان باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹاف رپورٹر) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور سندھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ فنڈ نے وزیر اعظم شہباز شریف کے اقتصادی ترقی کے وژن کے مطابق مائیکرو، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی ترقی اور انہیں مالی وسائل تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے باہمی تعاون کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس حوالے سے دونوں اداروں کے اعلیٰ حکام کے درمیان سمیڈا کے مقامی دفتر میں ایک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 56)

سیلابی پانی میں ڈوب کر دو بہن بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق

مریدکے (سٹاف رپورٹر) سیلابی پانی میں ڈوب کر دو بہن بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق ہو گئے، مجموعی تعداد 12 ہو گئی۔ تفصیل کے مطابق سیلاب کی وجہ سے جانی اور مالی نقصان جاری ہیں، نارووال روڈ کی آبادی کوٹ عبداللہ میں سیلاب اور بارشوں کی وجہ سے بننے والے جوہڑ میں ڈوب کر دو بہن بھائی دس سالہ مستقیم اور سات سالہ عبداللہ جاں بحق ہو گئے، اسی طرح مریدکے جی ٹی روڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

عطاء تارڑ کی احسن اقبال سے ملاقات، پی ٹی وی کی ری ویمپنگ، جدید خطوط پر استوار کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزراء احسن اقبال اور عطاء تارڑ نے پی ٹی وی کی استعداد کار بڑھانے، براڈ کاسٹنگ انفراسٹرکچر کی بہتری اور قومی نشریاتی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ منگل کو جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال اور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کے درمیان منگل کو ملاقات ہوئی، جس میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 58)

بقیہ | بقیہ جات | 1

تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور امریکا نے داعش خراسان، القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔دونوں ممالک نے سرحدی سکیورٹی مضبوط بنانے اور دہشت گرد سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا۔پاکستان اور امریکا نے خطے میں امن، خوش حالی کے لیے انسداد دہشت گردی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

منگوں کی ترجمانی کرتا ہے، نغمے کے بول "تمہارے ساتھ تھے اور ساتھ ہم رہینگے" کشمیریوں کی پاکستان کے ساتھ مکمل وابستگی اور یکجہتی کی عکاسی کرتے ہیں۔دل کو چھو لینے والے بول اور ولولہ انگیز دھن کیساتھ یہ نغمہ امید، استقامت اور عزم کے احساس کو نمایاں کرتا ہے، یہ نغمہ اہل کشمیر کی ثابت قدمی، امید اور اپنے حق کیلئے جاری جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔نغمے میں جنت نظیر وادی کشمیر میں بھارتی قتل وغارت اور خواتین وبچوں پر بہیمانہ مظالم کو اجاگر کیا گیا ہے، پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کیلئے ہمیشہ کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 3

شریف سے اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر صنعت، کان کنی وتجارت سید محمد اتا بک کی سربراہی میں 6رکنی وفد نے ملاقات کی۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اپنے بہترین ہمسایہ برادر ملک اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان خطے میں امن کے لیے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے قیام اور پاکستان اور ایران کے دو طرفہ تعلقات بالخصوص تجارت کے مزید فروغ کے حوالے سے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے حال ہی میں اچھی گفتگو ہوئی، امید ہے کہ مسلسل کوششوں سے دونوں ممالک کی قیادت کی جانب سے مقرر کردہ 10 ارب ڈالر کی دوطرفہ تجارت کا ہدف حاصل کیا جائے گا، تجارت بالخصوص خوراک اور زرعی اجناس ومصنوعات کی تجارت کے فروغ سے دونوں ممالک مستفید ہوں گے۔ملاقات میں پاکستان اور ایران کے درمیان سرحدی تجارت کے فروغ اور 24 گھنٹے بارڈر کھلا رکھنے کے لیے سہولیات بڑھانے، بہتر لاجسٹکس اور کسٹمز طریقہ کار میں ہم آہنگی لانے اور دونوں ممالک کے درمیان کان کنی کے شعبے خصوصاً قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن میں بھی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای اور صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے لیے نیک تمناؤں کا پیغام دیا۔ایرانی وزیر سید محمد اتا بک نے کہا کہ پرتپاک استقبال اور شاندار میزبانی پر پاکستان کے شکر گزار ہیں، خطے میں امن کے لیے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششوں اور ایران کے ساتھ اظہار یکجہتی پر پاکستانی قیادت اور عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے، پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کے حوالے سے تکنیکی سطح پر مذاکرات جاری ہیں۔وزیراعظم شہباز شریف نے ڈسکوز کی نجکاری کے معاملے میں صارفین کے مفاد کو اولین ترجیح دینے کی ہدایات دے دیں۔بجلی کی ترسیلی کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری اور پرائیویٹائزیشن کمیشن کی اصلاحاتی تنظیم نو پر جائزہ اجلاس وزیراعظم کی زیر صدارت ہوا، جس میں انہوں نے خصوصی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ڈسکوز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کے لیے موثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔شہباز شریف نے کہا کہ نجکاری کمیشن میں جاری ادارہ جاتی اصلاحات اور تنظیم نو کا کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں۔ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ نجکاری کمیشن کی افرادی قوت میں عالمی معیار کے مالیاتی، قانونی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین شامل کیے جائیں۔عالمی معیار کی افرادی قوت اور ماہرین نجکاری کمیشن کی استعداد کار اور اداروں میں سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے موثر اقدامات کو یقینی بنائے گی۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے۔نجکاری کے مراحل کی سہولت

بقیہ | بقیہ جات | 7

منزل کے حصول تک جاری رہے گا، بھارتی جیلوں میں حریت قیادت کے ساتھ ہونے والے مظالم تاریخ کا سیاہ باب ہیں اور عالمی برادری کو مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی مبینہ سنگین خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔مشعال ملک نے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ کشمیری عوام کو سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت فراہم کرنے کے لئے موثر اقدامات کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ کشمیر صرف کشمیریوں کا ہے اور دنیا کو کشمیری عوام کی آواز سننی چاہیے۔مشعال ملک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان، آزاد جموں وکشمیر اور دنیا بھر میں مقیم کشمیری تارکین وطن ہمیشہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی منصفانہ جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 8

حکومت بین الصوبائی گندم کی نقل وحرکت محدود کررہی ہے، پنجاب میں 7 ملین میٹرک ٹن گندم سرپلس جبکہ سندھ میں تقریباً 1 ملین میٹرک ٹن کی کمی ہے۔وزیر خوراک سندھ کا کہنا ہے کہ سندھ حکومت پاسکو سے گندم خرید کر سندھ کا ٹارگٹ پورا کرنے جارہی ہے۔مخدوم محبوب الزمان نے کہا ہے کہ کراچی میں آٹے کا ریٹ 130اور 140 روپے ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 9

کہا کہ ایرانی حکام پاکستان اور قطر میں اس معاملے میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ رابطوں میں ہیں۔دوسری جانب امریکی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز میں امریکا، عمان اور ایران کے درمیان 60 روز کے عارضی انتظام پر اتفاق ہوا ہے، معاہدے کے تحت خلیجی ملکوں کی جانب جانے والے بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایرانی پانیوں کا راستہ اختیار کریں گے، جبکہ آبنائے ہرمز سے بحیرہ عرب جانے والے (صفحہ 6بقیہ نمبر 80) بحری جہاز عمانی پانیوں سے سفر کریں گے۔60دن کی اس مدت کے دوران کوئی فیس نہیں لی جائے گی، فریقین 30دن کے اندر آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں ہٹانے پر کام کریں گے۔دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے واضح کیا کہ مذاکرات صرف مسقط اور تہران کے درمیان ہورہے ہیں، واشنگٹن کا ان مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں، اگر امریکا کی جانب سے خلاف ورزیاں جاری رہیں تو ایران اور عمان کے درمیان معاہدہ طے پانے کے باوجود آبنائے ہرمز فوری طور پر نہیں کھولی جائے گی۔آبنائے ہرمز سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت اور ایران سے یومیہ تقریباً 21 ملین بیرل تیل دیگر ممالک کو پہنچایا جاتا ہے، ان

بقیہ | بقیہ جات | 11

...حکومت نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے پانڈ اسکوک سے 239ارب روپے اکٹھے کیے ہیں۔گورنر سٹیٹ بینک نے کہا کہ بینکرز اور شریعہ اسکالرز میں کپیسٹی بلڈنگ کی ضرورت رہی ہے۔اسٹیٹ بینک کپیسٹی بلڈنگ کے حوالے سے کام کررہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ اسلامک بینکنگ کے لیے کام کیا جائے۔اسٹیٹ بینک مدارس اور جامعات کے میں اسلامی بینکاری کے حوالے سے کام کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کانفرنس کے شرکاء اپنی سفارشات مرتب کریں جنکی روشنی میں حل کر مسائل حل کریں گے۔گورنر سٹیٹ بینک نے کہا کہ مرکزی بینک فری لانسرز کو سہولیات دینے کیلئے کام کررہا ہے گزشتہ سال زرمبادلہ کے ذخائر 6.41ارب ڈالر تک پہنچ گئے تھے جو لوگ باہر سے پیسے بھیج رہے ہیں انہیں مزید سہولیات دیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

کردی گئی۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ فاشسٹ مودی نے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370اور 35اے کو منسوخ کرکے مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت ختم کی۔انہوں نے کہا کہ بھارت کا جمہوریت کا چیمپئن ہونے کا دعویٰ بھی ڈکٹیٹرشپ میں تبدیل ہو چکا ہے جبکہ مودی دور، عہد حاضر کا ہٹلر اور موسولینی کا کیچر ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے منشور میں کشمیریوں کی آزادی سرفہرست ایجنڈا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

لاہور مقرر کیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق کاشف جمیل رجسٹرار ڈیمیشن ٹریبونل اور ایڈمنسٹریٹر جنرل بس اسٹینڈ کا اضافی چارج بھی سنبھالیں گے۔ذرائع کے مطابق نئی پوسٹ کے قیام کے بعد ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ لاہور کی میٹروپولیٹن کارپوریشن (ایم سی ایل) کے شعبہ ریگولیشن میں بھی موثر کردار ادا کریں گے، جس کا مقصد ضلعی سطح پر انفورسمنٹ اور ریگولیٹری امور کو مزید مضبوط اور موثر بنانا ہے۔پنجاب حکومت کا کہنا ہے کہ اس انتظامی اقدام سے اضلاع میں گورننس، قانون پر عملدرآمد اور ریگولیٹری نظام کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اسلام آباد میں عوام کی سہولت اور ٹریفک کی روانی کے لیے 2 نئے انڈر پاس بنیں گے، کشمیر چوک اور فیصل مسجد انڈر پاس پر کام اگلے ماہ شروع کیا جائے گا۔اجلاس میں سی ڈی اے کے مستقل ریونیو میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ مالی خودانحصاری کے لیے دیرپا ریونیو ماڈل پر کام کیا جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

تعلیمی بورڈ ملتان نے میٹرک کے سالانہ امتحانات 2026 کے پوزیشن ہولڈرز کا اعلان کردیا۔بورڈ کے مطابق مہرین رسول نے 1190 نمبر حاصل کرکے پہلی

MUAWAN-E-WUAKLA روزنامہ
معاون وکلاء پاکپتن
بانی علی ہادی کوثر
چیف ایڈیٹر سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر روحیل اکبر

تحریر، روحیل اکبر

اشاعت خاص



پروٹوکول کلچر اور قرضوں کا عذاب

اگست کا مہینہ آتے ہی پاکستان کی فضا سبز ہلالی پرچموں سے سج جاتی ہے

گلیاں، بازار، دفاتر اور گھروں کی چھتیں قومی پرچموں سے مزین ہو جاتی ہیں ملی نغمے فضا میں گونجتے ہیں، بچے آزادی کی خوشیاں مناتے ہیں اور ہر پاکستانی اپنے وطن سے محبت کا اظہار کرتا ہے مگر اس جشن کے شور میں ایک خاموش سوال بھی ہر درد دِل رکھنے والے پاکستانی کے ضمیر کو جھنجھوڑتا ہے کہ کیا ہم نے ان لاکھوں شہداء، مہاجرین اور بزرگوں کی قربانیوں کا حق ادا کیا جنھوں نے پاکستان کے حصول کے لیے اپنا سب کچھ قربان کر دیا؟

خلافتِ راشدہ

حضرت الرصّدیقؓ — حضرت عثمانؓ — حضرت فاروقؓ — حضرت علیؓ

پاکستان کا قیام محض ایک نئی سرحد کھینچنے کا نام نہیں تھا بلکہ ایک ایسے معاشرے کی بنیاد رکھنا تھا

جہاں انصاف، مساوات، دیانت، قانون کی بالادستی اور انسانی عزت ووقار کو بنیادی حیثیت حاصل ہو لاکھوں مسلمانوں نے اپنے گھر بار چھوڑے، ہزاروں نے جانوں کے نذرانے پیش کیے، ماؤں نے اپنے بیٹے کھوئے، بچوں نے یتیمی کا دکھ سہا اور خاندان بکھر گئے مگر ان سب کے دلوں میں ایک ہی امید تھی کہ آنے والی نسلیں ایک ایسے وطن میں سانس لیں گی جہاں ظلم کے بجائے عدل، استحصال کے بجائے مساوات اور نفرت کے بجائے اخوت کا راج ہوگا۔

حضرت عمر فاروقؓ راتوں کو مدینہ کی گلیوں میں گشت کرتے تھے تاکہ کوئی بھوکا نہ سوئے۔ ایک خلیفہ پیوند لگے لباس میں دنیا کی عظیم ترین سلطنت چلا رہا تھا مگر اسے اپنے لباس کی نہیں بلکہ اپنی رعایا کی فکر تھی۔

یہی وہ کردار تھا جس نے اسلام کو دلوں کا فاتح بنایا۔

لیکن آج کے پاکستان کے حالات!

- بیش پرف گاڑیاں، درجنوں سیکیورٹی گارڈز
- سائرن بجاتی گاڑیاں، سڑکیں بند
- ٹریفک میں گھنٹوں پھنسنا اور عام شہری کی ذلت و خواری
- بادشاہانہ مراعات، مفت پٹرول، سرکاری عیاشیاں
- عوام کیلئے بڑھتے ٹیکس، مہنگائی اور بیروزگاری

قرضوں کا بوجھ

ہم اربوں ڈالر کے قرضے لیتے ہیں تاکہ

- اشرافیہ کے پروٹوکول کا خرچ چل سکے
- مفت پٹرول، بلٹ پروف گاڑیاں اور شاہانہ مراعات برقرار رہ سکیں
- آئی ایم ایف اور غیر ملکی بینکوں کے سخت ترین شرائط پر لیے گئے قرضے غریب عوام کے خون پسینے سے اتارے جاتے ہیں۔

بوجھ کس پر ڈالا جاتا ہے؟

- بجلی کے بڑھتے بل
- گیس کے چارجز
- کھانے پینے کی اشیاء پر ٹیکس
- مہنگائی کا طوفان
- بے روزگاری اور غربت

پاکستان کی عوام خرگوشی کی نیند سوئی ہوئی ہے۔
جب عوام خاموشی اختیار کر لیتی ہے اور اپنے حقوق کے لیے آوازِ اٹھانا بند کر دیتی ہے تو حکمران اپنی مرضی اور فرعونیت پر اتر آتے ہیں۔

پھر قدرت کا قانونِ حرکت میں آتا ہے، اور آسمان کے فیصلے بزدِل اور سوئی ہوئی قوموں کے لیے عذاب کی شکل میں نازل ہوتے ہیں۔



اے پاکستان !

ہم تجھ سے یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم اس وطن کو قائد کے خوابوں کے مطابق ایک مضبوط، خوشحال، عادل اور با وقار ملک بنائیں گے۔ شہداء، مہاجرین اور بزرگان وطن کی قربانیاں رائیگان نہیں جائیں گی۔

اس عظیم وطن کو پروٹوکول نہیں، خدمتِ خلق کی ضرورت ہے. قرضوں نہیں، خود کفالت کی ضرورت ہے.

★ ★ سب مل کر وہ پاکستان بنائیں جس کا خواب ہمارے شہداء اور قائد نے دیکھا تھا. ★ ★

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر تجمل پرنٹرز تجمل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200